سوال

(129)قربانی یا زکوٰۃ سے مسجد تعمیر کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

چرم قربانی یا زکوٰۃ سے مرمت مسجد یا مسجد کا کنواں تعمیر کر سکتے ہیں یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

چرم قربانی یہ خالص غرباء ومساکین کا حق ہے، اس میں کسی کو دخل نہیں، ہاں زکوٰۃ کے متعلق ایک قول ملتا ہے، کہ مسجد میں لگانا جائز ہے، لیکن متعلقین مسجد کو ایسا بہانہ بنا کر زکوٰۃ کا روپیہ نہیں لگانا چاہیے، اپنی گرہ سے خرچ کریں۔ (فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۴۷۲)

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02